صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 2 اکتوبر 2009، بمطابق 12 شوال 1430ھ صبح دس بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب قائم مقام سپیکر، خوشدل خان ایڈوکیٹ مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِیۡدًا O یُّصۡلِحۡ لَکُمۡ اَعۡمَالَکُمۡ وَ یَغۡفِرۡ لَکُمۡ ذُنُوۡبَکُمۡ وَ مَنۡ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوۡلَهٗ فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِیۡمًا O اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ الۡجِبَالِ فَاَبَیۡنَ اَنۡ یَّحۡمِلۡنَهَا وَ اَشۡفَقۡنَ مِنۡهَا وَ حَمَلَهَا الۡاِنۡسَانُ ؕ اِنَّهٗ کَانَ ظَلُوۡمًا جَهُوۡلًا O لِّیُعَذِّبَ اللّٰهُ الۡمُنٰفِقِیۡنَ وَ الۡمُنٰفِقٰتِ وَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ وَ الۡمُشۡرِکٰتِ وَ یَتُوۡبَ اللّٰهُ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ ؕ وَ کَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا۔

(ترجمہ): مومنو خدا سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کرو۔ وہ تمہارے اعمال درست کردے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور جو شخص خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک بڑی مراد پائے گا۔ ہم نے (بار) امانت کو آسمانوں اور زمین پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے۔ اور انسان نے اس کو اٹھا لیا۔ بے شک وہ ظالم اور جاہل تھا۔ تاکہ خدا منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے اور خدا مومن مردوں اور مومن عورتوں پر مہربانی کرے۔ اور خدا تو بخشنے والا مہربان ہے۔

Mr. Acting Speaker: جزاک اللہ ‘Questions’ Hour’. Question No. 187, Waqar Ahmad Khan, MPA, please.

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر صاحب! نن هم کورم پورا نه دے ، تاسو اوګورئ۔

جناب قائم مقام سپیکر: سیکرټری صاحب! تهٔ اوګوره چه څه پوزیشن دے ؟

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب قائم مقام سپیکر: گھنٹی بجائیں۔

آوازیں: دو ممبرز کی کمی ہے۔

جناب قائم مقام سپیکر: دو ممبرز کی کمی ہے؟ گھنٹی بجائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mr. Acting Speaker: څه پوزیشن دے ؟ Now the quorum is completed, so we proceed. Mr. Waqar Ahmad, honorable MPA. Not present, the question is kept pending. Mohtarma Uzma Khan Sahiba, honorable MPA. Not present. Mohtarma Tabassum Shams Sahiba, honorable MPA, Question No. 218, please.

* 218 _ محترمہ تبسم شمس: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ میڈیسن سٹور کھولنے کیلئے طریقہ کار اور قانون موجود ہے؛

(ب) میڈیسن سٹور کھولنے کیلئے طریقہ کار کی وضاحت کی جائے، نیز اس کیلئے تعلیمی قابلیت، رجسٹریشن اور فیس جمع کرانے کے بارے میں تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ شبقدر ضلع چارسدہ میں جعلی ادویات کی فروخت اور غیر قانونی میڈیسن سٹورز کی بہتات ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا حکومت غیر قانونی میڈیسن سٹورز کھولنے اور جعلی ادویات فروخت کرنے والے لوگوں کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) این ڈبلیو ایف پی ڈرگ رولز1982 جو کہ ڈرگ ایکٹ 1976 کے تحت بنائے گئے ہیں، اس میں چار قسم لائسنسز یعنی پرچون، ہول سیل، نارکاٹکس اور فارمیسی فارم 11,10,9 اور فارم 12 پر ایشو اور تجدید کئے جاتے ہیں۔ متعلقہ شخص کیلئے تعلیمی قابلیت برائے کیٹیگری اے، بی اور سی فارمیسی کونسلز کے پاس رجسٹریشن ضروری ہے اور درخواست دہندہ متعلقہ ای ڈی او ہیلتھ کے دفتر میں درخواست جمع کرتا ہے۔ ہر درخواست پر مذکورہ جگہ برائے دکان درج ہوتی ہے اور رولز کے مطابق انسپکشن کی جاتی ہے اور تمام کوائف پورے ہوں تو اس کو لائسنس ایشو کیا جاتا ہے۔ ان لائسنسوں کی فیسوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ صوبائی ہیڈکوارٹر میں نئے لائسنس کی فیس -/1000 روپے اور تجدید کیلئے 750 روپے مقرر ہے۔

2۔ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر میں -/750 روپے اور تجدید کیلئے -/500 روپے مقرر ہیں۔

3۔ اس کے علاوہ مضافات یا تحصیل میں -/500 روپے اور تجدید کیلئے -/300 روپے مقرر ہیں۔ یہ فیس صوبائی خزانہ میں جمع کی جاتی ہے۔

(ج) جی نہیں۔

(د) حکومت ڈرگ ایکٹ 1976 کے تحت غیر قانونی میڈیکل سٹوروں اور جعلی ادویات کے خلاف اقدامات کر رہی ہے جو کہ پابندی کے ساتھ جاری ہے۔ ڈرگ انسپکٹر کو شبقدر میں جعلی ادویات اور غیر قانونی میڈیسن سٹورز کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ محکمہ صحت نے حال ہی میں متعلقہ ڈی سی او کی سربراہی میں بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر /SO (D)/H/2-43/2008 Spurious ، مورخہ 24-11-2008 ایک کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ اس قسم کے غیر قانونی کاروبار کی روک تھام ہو سکے۔

Mr. Acting Speaker: Any supplementary question, please?

محترمہ تبسم شمس: سر، جو سوالات میں نے کئے، ان سے تقریباً میں مطمئن ہوں لیکن اس کا جو جز(ج) ہے، میں اس کے بارے میں تھوڑی سی Explanation چاہو نگی کیونکہ شبقدر ایک ایسا علاقہ ہے جہاں ہر طرف سے اس کو آمدورفت ہوتی ہے اور یہ Confirm ہے کہ یہاں پر جو جعلی ادویات ہیں، ان کی بہتات بہت زیادہ ہے اور میرے خیال میں مشکل سے ہی کوئی صحیح دوائی ادھر ملتی ہے۔ میں ریکویسٹ کرونگی منسٹر صاحب سے کہ وہ اس کے بارے میں اپنے احکامات ایشو کریں۔ تھینک یو جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: ظاہر شاہ صاحب، آنریبل منسٹر، پلیز۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، شبقدر میں اس کیلئے ہماری ایک باڈی ہے، جس نے اس کے اوپر چیک رکھا ہے اور چھ نئے کیسز ہم نے Detect کئے ہیں اور چونکہ یہ Bailable offence ہے تو پانچ کی Bail ہو گئی ہے اور ایک کی Bail رہتی ہے تو ہم اس کے اوپر Strict measures لے رہے ہیں تاکہ اس کو ختم کیا جاسکے۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام سپیکر: منسٹر صاحب کے جواب سے آپ مطمئن ہیں؟

محترمہ تبسم شمس: جی میں مطمئن ہوں۔

Mr. Acting Speaker: Okay, satisfied. Mr. Mohammad Ali Khan, honorable MPA. Not present. Mr. Pervez Ahmad Khan, honourable MPA. Not present. Mohtarma Noor Shaher , honourable MPA, to please ask her Question No. 233.

* 233 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے بہت سے افسران / اہلکار وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں (FATA) کے محکمہ صحت میں تعینات ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں (FATA) سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو فاٹا میں تعینات نہیں کیا جاتا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو فاٹا میں تعینات افسران / اہلکاروں کے نام عہدہ، پتہ اور ڈومیسائل کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے، نیز فاٹا سے تعلق رکھنے والے افسران / اہلکاروں کو وہاں تعینات نہ کرنے کے بارے میں وجوہات بتائی جائیں؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) نہیں، وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں میں تعینات اہلکار صوبہ سرحد کے مختلف کیڈروں سے ہوتے ہیں جن میں فاٹا ڈومیسائل کے لوگ بھی شامل ہیں۔ یہ اہلکار محکمہ صحت صوبہ سرحد کی طرف سے ان کی ضرورت کے مطابق فراہم کئے جاتے ہیں۔

(ج) اگرچہ سوال کے جز (ب) کا جواب اثبات میں نہیں ہے، بہر حال ڈائریکٹر صحت فاٹا کے زیر انتظام مختلف ایجنسیوں میں تعینات ڈاکٹروں کی لسٹ مکمل منسلک ہے۔ (لسٹ ندارد)

Mr. Acting Speaker: Any supplementary question, please?

محترمہ نور سحر: شکریہ، سپیکر صاحب۔ سر، میں توSatisfied ہوں لیکن میں نے منسٹر صاحب سے یہ کوئسچن کرنا ہے کہ فاٹاوالوں کو اپنے ڈومیسائل پر بغیر میرٹ کے داخلے ملتے ہیں، بغیر میرٹ کے ان کو ہر جگہ Facilitiesملتی ہیں تو ان کو چاہیئے کہ اپنے علاقوں میں جاکر وہ کام بھی کریں بجائے اس کے کہ ہمارے بندے وہاں پر جاکر کام کریں۔ اگر انہوں نے کئے ہیں تو اس پہ میں Satisfied ہوں لیکن میں کہتی ہوں کہ جتنے بھی رہتے ہیں، ان کو بھی اسی طرح واپس بھیج دیں اپنے فاٹا میں اور ہمارے بندوں کو یہاں بھیج دیں کیونکہ اس فاٹا کے ڈومیسائل پر انہوں نے تعلیم حاصل کی ہے، فاٹا کے ڈومیسائل پر وہ میڈیکل کالجوں میں گئے ہیں تو اگر وہ Facilities لیتے ہیں تو کام بھی ان کو ادھر ہی کرنا چاہیئے اور باقی میں Satisfiedہوں جواب سے۔

جناب قائم مقام سپیکر: مسٹر ظاہر شاہ صاحب۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، چونکہ یہ ڈاکٹرز پبلک سروس کمیشن اپوائنٹ کرتا ہے اور ان کی کہیں بھی تعیناتی ہو سکتی ہے، چاہے وہ فیڈرل ایریا ہو یا Settled area ہو، تو جہاں بھی ڈاکٹرز کی جب فاٹا کے سیکرٹریٹ کو ضرورت پڑتی ہے تو وہ ڈاکٹرز ہم سے مانگتے ہیں اور جو ڈاکٹرز ہمارے پاس Available ہوتے ہیں، ہم ان کو وہاں بھیج دیتے ہیں، ان میں Settled area کے لوگ بھی ہوتے ہیں اور فاٹا کے لوگ بھی ہوتے ہیں۔ شکریہ۔

Mr. Acting Speaker: Now you are satisfied, the question replied. Next Question stands in my name so it is deferred for the next sitting. Next, Mohtarma Sanjeeda Yousuf Sahiba, honourable MPA, to please ask her Question No. 256.

* 256 _ بیگم سنجیدہ یوسف: کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پراجیکٹ ختم ہونے پر کثیر تعداد میں ملازمین کو فارغ کر دیا گیا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں نئی آسامیاں Create کی گئی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ان برطرف شدہ ملازمین کو نئی Create شدہ آسامیوں پر تعینات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو اس کی وجوہات بتائی جائیں، نیز نئی Create شدہ آسامیوں کی تعداد اور نوعیت کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) ایم۔ایس، ڈیرہ اسماعیل خان نے پراجیکٹ کے اختتام پر پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے مورخہ 17 دسمبر 2008 کے مطابق تمام متاثرہ پیرامیڈیکل سٹاف کو ڈی ایچ کیو ڈیرہ اسماعیل خان میں نئی منظور شدہ آسامیوں پر تعینات کر دیا ہے، تمام ملازمین کی تفصیل درج ذیل ہے:

S.No	Name of Paramedics	Technology
1.	Mr. Amanullah s/o Sh: Sawar Khan	JCT(Anesthesia)
2.	Mr. Nasrullah s/o Muhammad Afzal	---D0---
3.	Mr. Ikramullah S/O Habibullah	---D0---
4.	Mr. Salah ud Din s/o Abdul Qayum	---D0---
5.	Mr. Muhammad Irfan s/o Ghulam Abbas	JCT (Radiology)
6.	Mr. Hidayatullah s/o Atta Muhammad	---D0---
7.	Mr. Saeed Ahmad s/o Ghulam Hussain	JCT (Pharmacy)
8.	Mr. Mukhtiar Hussain s/o Ghulam Hussain	---D0---
9.	Mr. Muhammad Mufaffar s/o Alam sher	JCT (Surgical)
10.	Muhammad Ashraf s/o Muhammad Aslam	---D0---
11.	Munammad Ishaaq s/o Muhammadd Hayat	---D0---
12.	Muhammad Ishaaq Shah s/o Shah Hussain	---D0---
13.	Mr. Yousaf Haroon s/o Muhammad Bakhsh	---D0---
14.	Mr. Fazal Rehman s/o Ghulam Hussain	---D0---
15.	Mr. Muhammad Rafiq s/o Abdul Aziz	---D0---
16.	Mr. Kifayat Hussain s/o Manzoor Hussain	---D0---
17.	Muhammad Irfan s/o Muhammad Zaman	---D0---
18.	Mr. Muneer Alam s/o Allah Nawaz	---D0---
19.	Mr. Shaukat Ali s/o Muhammad Abdullah	---D0---
20.	Malik Waqar Ahmad s/o Zahoor Ahmad	JCT(Cardiology)
21.	Muhammad Idrees s/o Muhammad Yunis	---D0---
22.	Mr. Ibrar Hussain s/o Ijaz Hussain	---D0---
23.	Mr. Muhammad Rafiq s/o Ghulam Farid	---D0---
24.	Mr. Haroon Rashid s/o Abdul Rashid	JCT (Dental)
25.	Muhammad Mehboob s/o Muhammad Aslam	---D0---
26.	Mr. Abdul Rahim s/o Falak Sher	---D0---
27.	Mr. Azhar Abbas s/o Sohna Khan	---D0---

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Any supplementary question, please.

محترمہ سنجیدہ یوسف: شکریہ، جناب سپیکر۔ بس جی میں منسٹر صاحب کے جواب سے مطمئن ہوں جو میں نے بھرتیوں کے متعلق پوچھا تھا لیکن ایک بات ہے کہ اتنی بھرتیاں دونوں ہاسپٹلز میں ہوئی ہیں یا کہ صرف ایک ہی ہاسپٹل میں ہوئی ہیں؟ تو میں مفتی محمود اور ڈسٹرکٹ ہاسپٹل ڈی آئی خان کے حوالے سے پتہ کرنا چاہونگی، ویسے تو انہوں نے جو جواب دیا ہے، وہ بالکل درست ہے، میں مطمئن ہوں اس سے لیکن ان دونوں ہاسپٹلز میں بھرتیاں ہوئی ہیں یا صرف ایک ہی ڈسٹرکٹ ہاسپٹل میں ہوئی ہیں؟

جناب قائم مقام سپیکر: ظاہر شاہ صاحب، پلیز۔

وزیر صحت: شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ ان کا جو سوال تھا کہ جو کنٹریکٹ پر ملازمین لئے گئے تھے، یہ پراجیکٹ ختم ہونے پر ان کو فارغ کر دیا، تو وہ ملازمین جو کنٹریکٹ پر کسی پراجیکٹ میں تھے، ان کو پھر ایڈجسٹ کیا گیا ہے ہاسپٹل میں اور ایک ہی ہسپتال میں ایڈجسٹ کئے گئے ہیں، دو ہسپتالوں میں ایڈجسٹ نہیں کئے گئے۔

Mr. Acting Speaker: Satisfied. Next Question, Malik Mohammad Qasim Khan, the honourable MPA. Not present. Mr. Mohammad Zamin Khan, honourable MPA. Not present. Mr. Adnan Khan Wazir, honorable MPA. Not present. Syed Qalb-e-Hassan, MPA, to please ask his Question No. 451.

* 451 _ سید قلب حسن: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ایف۔38، کوہاٹ میں زنانہ میڈیکل آفیسرز (WMOs) کی آسامیاں خالی پڑی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) زنانہ میڈیکل آفیسرز (WMOs) کی کتنی آسامیاں خالی پڑی ہیں;

(ii) آیا حکومت ان خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) وومن اینڈ چلڈرن ہسپتال کوہاٹ (پی ایف۔38) میں کل آٹھ WMOs کی آسامیاں خالی پڑی ہیں جن میں دو لیڈی ڈاکٹرز رخصت اور دو لیڈی ڈاکٹرز ٹریننگ پر ہیں اور تین لیڈی ڈاکٹرز اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہیں جبکہ ایک آسامی خالی ہے۔ اس کے علاوہ آر۔ ایچ۔ سی، استرزئی میں بھی ایک WMO کی آسامی خالی ہے، لہذا فی الحال دو آسامیاں خالی ہیں۔

(ii)ہاں، حکومت ان آسامیوں کو جلد پر کر دے گی۔

سید قلب حسن: سر، جواب کے جز (ب) کے سیکنڈ پارٹ کے بارے میں منسٹر صاحب صرف یہ وضاحت کر دیں کہ یہ آسامیاں کب Fill up ہونگی؟

جناب قائم مقام سپیکر: ظاہر شاہ صاحب، پلیز۔

وزیر صحت: شکریہ، جناب سپیکر۔ وومن میڈیکل آفیسرز کی ویسے بھی ہمارے پاس کافی کمی ہے لیکن ہماری یہ کوشش ہے کہ جلد از جلد By transfer اس کو پورا کر دیا جائے اور یہ کسی دوسری جگہ سے۔۔۔۔۔

Mr. Acting Speaker: Any supplementary question, please.Are you satisfied?

سید قلب حسن: تھیک شو، سر۔ جی تھیک شو۔

Mr. Acting Speaker: Satisfied. Next, Mr. Saqib ullah Khan Chamkani, honorable MPA, to please ask his Question No. 476.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، د دے Answer نشته دے جی۔ هیلتھ ډیپارټمنټ Answer نه دے ورکړے خو آنریبل منسټر صاحب په دے باندے ما سره ډسکشن کړے دے جی او چه کوم دیکښے زمونږه Concerns دی، هغه هغوی Address کړی دی ټول، نو زهٔ دا Withdraw کومه جی او آنریبل منسټر صاحب که پرے خبره کوی نو مونږ ته څه اعتراض نشته۔ زهٔ ډیره شکریه ادا کومه جی، زما چه څومره Concerns وو، آنریبل منسټر صاحب باقاعدګئ سره اغستی دی او ما سره ئے منلی دی او هغه Address کړے ئے هم دی۔ ډیره مهربانی جی۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، شکریہ۔ آنریبل ممبر سے میری اس بات پہ ڈسکشن ہوئی ہے اور جو بھی ان کی Observations تھیں، میں نے ان کو Clarify کیا ہے۔ I think he is satisfied and it will be okay. Thank you.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

209 _ محترمہ عظمٰی خان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے وزیر اعظم صاحب کے اعلان کے مطابق ہسپتالوں کے شعبہ ایمرجنسی میں تعینات تمام ڈاکٹروں کی تنخواہیں دگنی کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں؛

(ب) آیا مذکورہ اعلان کی رو سے تمام ڈاکٹروں کی تنخواہیں دگنی کر دی گئی ہیں؛

(ج) اگر (ب) کا جواب نفی میں ہے تو حکومت مذکورہ شعبہ میں تعینات ڈاکٹروں کی تنخواہیں دگنی کرنے کاارادہ رکھتی ہےاور کب تک، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ(وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔ صوبائی حکومت نے صوبے کے صرف لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور کے شعبہ حادثات میں ڈاکٹروں کی تنخواہیں دگنی کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں کیونکہ مذکورہ عملے کو دن رات فرائض ادا کرنے پڑتے ہیں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) جی ہاں،اس کیلئے محکمہ خزانہ میں جولائی 2008 سے تجویز زیر غور ہے۔

219 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ سال 03-2002 تا 08-2007 محکمہ صحت ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف کیٹیگریز میں بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتیاں مروجہ طریقہ کار یعنی اخباری اشتہار کے ذریعے ٹیسٹ اور انٹریوز وغیرہ لے کر کی گئی تھیں؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 03-2002تا08-2007 محکمہ صحت ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں بھرتی شدہ افراد کے نام وپتہ، کوائف اور بھرتی سے منسلک ریکارڈ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

سید ظاہر علی شاہ(وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) ای ڈی یو(ہیلتھ) آفس ڈیرہ اسماعیل خان میں 03-2002تا08-2007 میں بھرتی شدہ افراد کی فہرست منسلک ہے۔(تفصیل ندارد)

224 _ جناب محمد علی خان: کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف 22 کی یونین کونسل، مٹہ مغل خیل کی آبادی بہت زیادہ ہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مٹہ مغل خیل میں واقع بنیادی مرکز صحت (BHU) علاقے کے باشندوں کی علاج ومعالجہ کی ضروریات کیلئے ناکافی ہے اور لوگوں کو دور دراز کے ہسپتالوں کو جانا پڑتا ہے؛

(ج) اگر (الف)اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ بی ایچ یو کو رورل ہیلتھ سنٹر میں تبدیل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سید ظاہر علی شاہ(وزیر صحت): (الف) اس حلقے کی آبادی تقریباً 15 ہزار افراد پر مشتمل ہے۔اس کی ماہانہ او پی ڈی تقریباً 500 ہے اور اس سے 5 کلو میٹر کے فاصلے پر سول ہسپتال شبقدر واقع ہے جس کو کیٹگری سی کا درجہ دیا گیا ہے جس میں تعمیراتی کام جاری ہے اور انشاء اللہ جون 2009ء میں مکمل ہو جائے گا۔اس کے علاوہ یہاں سے 3 کلو میٹر کے فاصلے پر ایک جانب بی ایچ یو پنج پیر اور دوسری جانب بی ایچ یو کتوزی بھی واقع ہے۔

(ب) جی نہیں، مٹہ مغل خیل میں ایک کوالیفائیڈ میڈیکل آفیسر کی سہولت موجود ہے اور یہ بی ایچ یو لوگوں کو بنیادی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔اس کے علاوہ جلد ہی سول ہسپتال شبقدر میں 10 مختلف شعبوں کے ماہر ڈاکٹر حضرات کام کرنا شروع کر دیں گے۔

(ج) چونکہ مٹہ مغل خیل گاؤں شبقدر سے صرف 5 کلو میٹر کے فاصلے پر ہے اور ہسپتال کی تعمیر سے انشاء اللہ شبقدر کے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات میسر ہونگی۔

225 _ جناب پرویز احمد خان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سابقہ ڈی ایچ او نوشہرہ، مسمی ارشد خان نے محکمہ صحت میں 74 آسامیوں پر غیر قانونی بھرتیاں کی تھیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتیوں کے بارے میں ضلعی ناظم کے عدالت سے حکم امتناعی (Stay order) حاصل کرنے کے باوجود بھرتیاں کی گئیں;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی ڈائریکٹر صحت کی انکوائری رپورٹ میں مذکورہ بھرتیوں کو غیر قانونی قرار دیا گیا;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ڈپٹی ڈائریکٹر صحت کی انکوائری رپورٹ پر عمل درآمد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سید ظاہر علی شاہ(وزیر صحت): (الف) یہ درست ہے کہ سابقہ ڈی ایچ او نوشہرہ، مسمی ارشد خان نے بھرتیاں کی تھیں۔

(ب) حکم امتناعی حاصل کرنے کیلئے عدالت سے رجوع کیا گیا تھا، تاہم کیس عدالت میں زیر غور ہے۔

(ج) ڈپٹی ڈائریکٹر صحت نے وزیر اعلیٰ کے حکم کے مطابق انکوائری کی تھی تاہم چونکہ اس وقت کیس عدالت میں ہے، لہذا محکمہ فیصلہ نہیں کر سکتا۔

(د) جیسا کہ پہلے ہی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کیس عدالت میں زیر غور ہے اس لئے فیصلے کا انتظار ہے۔

257 _ ملک قاسم خان خٹک: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کرک میں امراض قلب سے متعلق ضروری تشخیص کے آلات اور الٹرا ساؤنڈ مشین موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں کارڈیالوجسٹ اور ریڈیالوجسٹ کی آسامیاں عرصہ دراز سے خالی پڑی رہنے کی وجہ سے مذکورہ قیمتی آلات بیکار پڑے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں اینستھیزیا، سکن اور نفرالوجسٹ ڈاکٹروں کی آسامیاں بھی خالی پڑی ہیں؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک مذکورہ ہسپتال میں کارڈیالوجسٹ، ریڈیالوجسٹ، اینیستھیزیا سپیشلسٹ، سکن سپیشلسٹ اور انفرالوجسٹ کی آسامیاں پر کرے گی تاکہ علاقے کے غریب لوگوں کو ضلع سے باہر کے ہسپتال میں نہ جانا پڑے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) درست ہے۔

(د) اس وقت پورے صوبے میں ان سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی کمی ہے، تاہم صوبائی پبلک سروس کمیشن سے کہا گیا ہے کہ ان پوسٹوں کیلئے ضروری امتحان وغیرہ کا عمل جلد مکمل کرے تاکہ ان پوسٹوں پر تعیناتی عمل میں لائی جا سکے۔

277 _ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہیپاٹائٹس بی اور سی ایک موذی اور خطرناک مرض ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت اس خطرناک مرض کے علاج کیلئے ہر ضلع کو ہر سال انجیکشن فراہم کرتی ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2002 سے لے کر تاحال ضلع دیر پائیں کو مذکورہ انجکشنز کتنی تعداد میں مہیا کئے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) مارچ 2006 سے مرکزی حکومت نے ہیپٹائٹس سی کے علاج کیلئے انجکشنز فراہم کرنا شروع کئے۔ ضلع دیر پائیں کو اب تک 7344 انجکشنز فراہم کئے گئے ہیں۔

356 _ <u>جناب عدنان خان:</u> کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت وبائی امراض، ٹی بی اور ملیریا جیسے امراض کی روک تھام کیلئے اقدامات کرتا ہے؛

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت نے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران اس سلسلے میں جو اقدامات اٹھائے ہیں، ہر سال کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ ہذا پاگل جانوروں کے کاٹنے سے متعلق مریضوں کا علاج بھی کرتا ہے؛

(د) اگر (ج) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران جتنے پاگل جانوروں کے کاٹے جانے سے مریضوں کا علاج کیا ہے اس کی سالانہ تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) ٹی بی کنٹرول پروگرام:

1۔ صوبہ سرحد 'TB DOTS' میں حکمت عملی کے نفاذ کا آغاز 2002 میں شروع کیا گیا۔

2- 2005 میں 'TB DOTS' حکمت عملی کو پورے صوبے میں رائج کر دیا گیا۔

3- ٹی بی کنٹرول پروگرام نے 2002 سے دسمبر 2008 تک 15,2255 ٹی بی کے مریضوں کو رجسٹر کیا اور ان کا کامیابی سے علاج کیا۔

4- صوبہ سرحد میں ٹی بی کے مریضوں کو مفت تشخیص اور مفت علاج کی خدمات مہیا کی جا رہی ہیں۔

5- ٹی بی کنٹرول پروگرام صوبہ سرحد نے ٹی بی کے مریضوں کی تشخیص میں 70 فیصد شرح تشخیص اور علاج میں 90 فیصد شرح کامیابی کا ہدف حاصل کیا ہے جو عالمی ادارہ صحت کے تجویز کردہ اہداف کے مطابق ہے۔

6-صوبہ بھر میں 214 ٹی بی کے تشخیصی مراکز اور 800 مراکز علاج قائم کئے جا چکے ہیں۔

7- ضلعی ٹی بی کنٹرول پروگرام کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے صوبے کے تمام اضلاع میں گاڑیوں کی فراہمی کر دی گئی ہے۔

8- ٹی بی کے مریضوں کیلئے علاج تک رسائی کو بہتر بنانے کیلئے حکومتی اور نجی شعبے میں اشتراک ممکن بنایا گیا ہے۔

9- پشاور، نوشہرہ، چارسدہ، مردان اور لوئر دیر میں قائم خیمہ بستیوں میں ٹی بی کے علاج کیلئے سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

10- صوبے کے مختلف جیلوں میں TB DOTS کی سہولیات کا انتظام کیا جا رہا ہے۔

11- مزاحمتی ٹی بی (MDR-TB) ٹی بی کنٹرول پروگرام کیلئے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی محکمہ صحت نے ٹی بی لیبارٹری تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

12- ٹی بی سے متعلق شعور کو اجاگر کرنے کیلئے ہفتہ آگاہی اور بچاؤ و تدابیر پر سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔

13- عوام میں ٹی بی کے متعلق آگاہی اور شعور پیدا کرنے کیلئے ریڈیو، ٹی وی اور پرنٹ میڈیا پر آگاہی مہم تیزی سے جاری ہے۔

ملیریا: ملیریا کنٹرول پروگرام سے (2002-2007) کے دوران ملیریا کی بڑھتی ہوئی تشویشناک صورتحال کے پیش نظر WHO اور دوسری عالمی تنظیموں سے مل کر نئے طریقہ کار 'رول بیک ملیریا' کے نام سے کام کرنا شروع کیا ہے۔ چونکہ یہ عوامی صحت کا اہم مسئلہ ہے، حکومت صوبہ سرحد نے حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے (08-2007) تا (12-2010) (پانچ سال کیلئے) اپنے محدود وسائل سے RBM-PC1 منظور کیا ہے جو کہ مبلغ 329.954 ملین روپے کا ہے۔

اغراض و مقاصد: 1۔ تمام ہسپتالوں میں ملیریا کی بروقت تشخیص اور مفت علاج۔

2۔ تمام ہسپتالوں میں اینٹی ملیریا دوائیوں کی فراہمی۔

3۔ مچھر بچاؤ اقدامات جن میں دوائی لگی مچھر دانیوں کو بچوں میں اور حاملہ عورتوں میں مفت تقسیم کرنا۔

4۔ ملیریا اسٹاف کی تربیت۔

اب تک کی کارکردگی: 1۔ صوبہ سرحد کے تمام اضلاع کے ہسپتالوں میں مزید ملیریا تشخیص سنٹرز بنانا جو اس سال کام شروع کر دیں گے۔

2۔ صوبہ سرحد کے تمام اضلاع کے ہسپتالوں میں ملیریا کے علاج کیلئے دوائیاں وافر مقدار میں مہیا کر دی گئی ہیں جو کہ مریضوں کو مفت تقسیم کی جائیں گی۔

3۔ 08-2007 کے دوران تقریباً 10000 دوائی لگی مچھر دانیاں پانچ سال سے کم عمر بچوں اور حاملہ عورتوں میں مفت تقسیم کی گئیں۔

4۔ محدود مچھر مار اسپرے کے ساتھ انسکٹی سائیڈ سلائیڈز کی فراہمی۔

5۔ ایف او جی سپرے۔

(ج) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(د) پاگل کتوں کے کاٹنے سے متعلق سہولیات صوبے کے تمام ہسپتالوں میں فراہم کی جاتی ہیں اور اس سلسلے میں EDO(H) اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ صاحبان سے حاصل کردہ رپورٹس کے مطابق گزشتہ سالوں میں (2006 سے اب تک) تقریباً 31727 مریضوں کا معائنہ کیا گیا ہے جن میں سے 31285 مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے۔ پاگل کتوں کے کاٹنے سے مرنے والے مریضوں کی کل سات تعداد رپورٹ کی گئی جس میں چار کا تعلق ضلع نوشہرہ سے تھا جبکہ تین کا تعلق ضلع کوہاٹ سے تھا۔ پاگل کتوں کے علاج کیلئے ویکسین این آئی ایچ میں تیار کی جاتی ہے ضلعی حکومتیں اپنے سالانہ فنڈ سے دوائی کیلئے مختص کی جانے والی رقم سے یہ دوائی براہ راست NIH اسلام آباد سے خرید کر اپنے اپنے اضلاع کے مراکز صحت میں تقسیم کرتی ہیں۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> Thank you very much. معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں، جن معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، ان کے اسمائے گرامی ہیں: جناب وقار احمد خان، ایم پی اے، 02-10-2009 کیلئے؛ احمد خان بہادر، ایم پی اے 02-10-2009 کیلئے؛ اسرار اللہ گنڈاپور، ایم پی اے 02-10-2009 کیلئے، Is it the desire of the House that leave may granted?

<u>Members:</u> 'Yes'

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> آواز نہیں آ رہی۔

(تحریک منظور کی گئی)

<u>Mr. Acting Speaker:</u> The 'Ayes' have it, leave is granted.

مسئلہ استحقاق

Mr. Acting Speaker: Now coming to Item No. 5, 'Question of Privilege'. Mr. Saqibullah Khan, MPA, to please move his privilege motion No. 66.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب قائم مقام سپیکر: آپ تشریف رکھیں، بس اب میں نے فلور دے دیا۔ مسٹر ثاقب اللہ خان، پلیز۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: بنه جی، هغه ما ته فلور را کړو۔ مهربانی، ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر، میں اس معزز ایوان کی توجہ اس جانب مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ عید کے موقع پر مفتی منیب الرحمان، چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی نے صوبائی حکومت اور عوامی نیشنل پارٹی کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کئے ہیں جس سے اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا ایوان میں بحث کے بعد اس کو مجلس قائمہ برائے استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر صاحب، زمونږه په دے وطن کښے یو ډیر عجیبه غوندے سیاست شروع شوے دے، ډیر عجیبه غوندے یو Trend شروع شوے دے او هغه جناب سپیکر، دا دے چه مونږه بغیر څه ثبوت نه، بغیر سوچ نه په یو بل باندے الزامونه لګوؤ۔ یو ډیر آسان کار شروع شوے دے چه زهٔ به پاڅمه، زهٔ به وایم چه فلانے غدار دے، فلانی له اودس نه ورځی، فلانے چه دے غل دے، ثبوت نشته دے جی، بدقسمتئ سره زهٔ دا هم په دے فلور آف دی هاؤس ایډمشن کول غواړمه چه په دغه کښے مونږه خلق چه ځان ته سیاستدانان وایو، مونږه چه ځان ته د دے اسمبلئ ارکان وایو، مونږه ټولو نه زیات په دیکښے قصوروار یو۔ مونږه مخالفت برائے مخالفت د پاره یو داسے کلچر Develop کړے دے چه په هغے کښے نه ثبوت شته، نه سوچ شته دے، ډیره آسانه یوه خبره ده چه مونږه شروع کوؤ او په دے باندے خبره کوؤ۔ د دے په بل سړی باندے څه اثرات وی، د هغوی څومره دل آزاری کیږی، دا مونږه هډو سوچ نه کوؤ او اوس بدقسمتی داسے شوه چه په دیکښے نور خلق هم راشامل شو۔ زمونږه خو خواهش دا دے، زمونږه یو نیت دا دے چه په دے ایوان کښے مونږه بل مخالف پارټئ ته هم دا نه وایو، د هغوی هر یو صحیح خبرے ته صحیح اووایو او غلطے خبرے ته غلطه اووایو۔ د دے ټول عوامو، د ټول پاکستان دا زمونږه چه د اختر مسئله راغله

جی، هغه تاسو ټولو په جیو ټی وی باندے، په نور ټی وی ګانو باندے بار بار اوکتله جی، زهٔ بالکل په دے خفه نه یمه چه څوک وائی چه د صوبائی حکومت اعلان یا د مفتی منیب صاحب اعلان، دا ټهیک وو که غلط وو؟ رویت هلال کمیټی ده، د هغوی کار دے، زمونږه امامان دی، د هغوی خپل کار دے، د هغے جنګ نه، بالکل د ځان په هغے کښے Involvement نه غواړمه جی خو زهٔ ډیر سخت خفه یمه جی چه سوال دا وو چه پراونشل حکومت دا اعلان کړے دے چه اختر د اوشی، دا ټهیک دے که نه؟ جواب کښے به دا راتلل چه دوئ له خو اودس نه ورځی، جواب کښے به دا راتلل چه دا خو سیکولر پارټیانے دی، دا خو غداران دی او ټولو نه زیات څیز چه کوم ډیر زیات زهٔ خفه کړے یمه، چه کوم زما خیال دے چه خالی زما نه، د دے ټول ایوان، دے صوبائی حکومت، دے وفاقی حکومت کښے ناست څومره چه ممبران دی، دے نه مخکښے حکومتونو کښے ناست چه ممبران دی، د ملاکنډ، د قبائلی علاقو او دیکښے چه کوم کوم کسانو قربانئ ورکړی دی د دهشت ګردئ خلاف، په هغے باندے تاسو هم کتلے دی، میډیا هم ګواه ده، تاسو ټول هم، خبره په دے باندے کیده چه د صوبائی حکومت دا فیصله چه اختر د اوشی، ټهیک ده که غلطه ده او جواب کښے به څه راتلل؟ ملاکنډ آپریشن، خبرے به ملاکنډ آپریشن باندے کیدے، زهٔ تاسو نه دا تپوس کومه جی چه کله یو سړے د حکومت په Payroll باندے وی، چه حکومت ذمه واری ورکړے وی، هغه په کوم بنیاد باندے د فیډرل او د پراونشل ګورنمنټ پالیسی چیلنج کوی؟ دا زمونږ استحقاق نه دے؟ پکار ده چه سړے خپل کار کوی۔ د مفتی منیب صاحب بالکل دا کار ضرور دے چه هغه د اووائی چه بهئ دا رویت هلال ټهیک دے او که غلط دے خو دا کار، په دیکښے اپوزیشن ممبران ناست دی، چه ملاکنډ آپریشن کښے هلته چه خلق Displace شوی دی، په هغے ټولو باندے دوئ On board وو چه څه هم فیصله شوے ده، که هغه پرے Unanimous شوے ده، که په میجارټی شوے ده، خو ایوانونو کړے ده، په نیشنل اسمبلئ کښ شوے وه او پراونشل اسمبلئ کښ شوے وه۔ زما خیال نه دے چه اهلکار ته د دا حق وی چه هغه په ملاکنډ آپریشن باندے خبرے کوی۔ جناب سپیکر صاحب، دے سره زما هیڅ کار نشته دے چه د رویت هلال کمیټئ

Statement څه دے، غلط دے که ټهیک دے، دا د امامانو کار دے یا دا سائنټفک کار دے، زهٔ هغے ته نه ځم خو دا زما بالکل استحقاق مجروح شوے دے او د دے ایوان مجروح شوے دے، د وفاق ایوان مجروح شوے دے او د ټولو خلقو شوے دے چه هغے کښے هغه خبرے راغلے دی چه کومے نه ښائی۔ جناب سپیکر، تاسو ټیکسټ راواخلئ، ما ته ثوک وائی چه دا سیکولر دی، اوسه پورے د غدارئ ما باندے الزامونه دی، زهٔ وایمه چه مفتی صاحب او بل هر یو کس تاسو راولئ، تاسو راولئی چه تپوس ترے اوکړو چه ما باندے د غدارئ الزام ثبوت کړی۔ زهٔ خو دا وایمه چه محب وطن یم او ما ته تاسو، بیا وائی چه اودس هم ورله نه ورځی، ما ته به چل هم اوښائی جی۔ خبره داسے ده جی رویت هلال کمیټی پکار ده چه خپل کار اوکړی۔ اوس به سبا بل افسر راپاځی، بل د حکومت اهلکار به راپاځی او هغه به وائی چه نه دا خبره، پالیسی غلطه ده، دا ټهیک ده۔ زما خیال دے چه دیکښے خالی زما نه، ستاسو د ټولو استحقاق مجروح شوے دے او زهٔ دا وایمه چه دوئ نه تپوس د اوشی چه سبا د پاره زمونږ سیاست نه، زمونږ د کلچر نه دا د الزاماتو چه کوم دستور روان دے، چه دا مونږه ختم کړو۔ ډیره مهربانی جی۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Any reply from any quarter please?

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ(وزیر قانون و پارلیمانی امور):</u> بالکل جی، خنګه ثاقب خان اووئیل، ټی وی باندے، اخباراتو کښے مونږ ه هم دا خبرے اوریدلے دی او زمونږ هم دا خیال دے چه هغه ډیر د Solecism نه کار اغستے دے او دا مونږه ګڼړو چه د دے ایوان استحقاق مجروح شوے دے نو دا کمیټئ ته چه ریفر شی نو مونږه دا سپورټ کوؤ د دوئ دا استحقاق۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> جی میاں افتخار حسین صاحب۔

<u>میاں افتخار حسین(وزیر اطلاعات):</u> سپیکر صاحب، چونکه دا د استحقاق په حواله خبره ده، دا یو ځانله نکته ده خو زهٔ صرف دومره وضاحت کول غواړم، دا خبره ډیره زیاته چلیدلے ده، مونږ د ټول علمائے کرام، د منیب الرحمن صاحب سمیت د ټولو د زړه نه قدر و احترام کوؤ۔ د هر چا خپله خپله ډیوټی ده۔ زمونږه یو خپل خواهش وو چه دا اختر او روژه د یو راشی، هم تر دے خواهشه پورے اوس هم

ولاړ یو۔ که هر چا دا سے یو د مسئلے حل را وښکو چه یو ورځے ته روژه شی، یو ورځے ته اختر شی، خدائے د اوکړی چه هغه منیب الرحمان صاحب تجویز پیش کړی او دا سے یو حل راوځی، زمونږ به قبول وی۔ مونږ په هیچ چا کښے هیڅ قسم سوا د دے نه چه نیت مو صفا دے ، په خلوص مو خبره کړے ده او دا د استحقاق تر حده خبره ده ، یقیناً چه دوئ پرے Technically به پوهیږی او تاسو ، زمونږ د طرف نه په دے خبره څه اعتراض نشته۔ پکار ده چه دا سے اوشی خو دا یو نکته دے سره تړلے وه چه د دے وضاحت اوشی۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): ما هم جمع کړے دے چه دا کوم حالات تیر شوی دی، ما وئیل چه هغه هم دلته په ایوان کښے راشی، هغے باندے به تفصیلی خبرے اوشی خو چونکه دلته معزز ممبر صاحب بل شے اوچت کړے دے ، دا هغه شے نه دے چه اختر باندے ده، هغه صرف دا وئیلی دی چه هغه په مونږه باندے د غدارئ الزام لګولے دے لکه زمونږ په پارټئ باندے یا په مونږه باندے نو په هغے کښے خو بالکل د دوئ یو Right دے چه څوک د خپل استحقاق د پاره پاځی خو ما وئیل چه ورسره ورسره چونکه دا یوه دا سے مسئله جوړه شوے ده چه تقریباً په میډیا باندے او خاصکر په علماء کښے او پورا په صوبه کښے نو پکار دا ده چه په دے سیشن کښے ، مونږه ورکړے هم دے چه په دے باندے تحریک التواء راشی نو په هغے باندے به ټولے خبرے په تفصیل سره اوشی او دا خو د دوئ صرف خبره دا ده چه هغے نه هټ کر چه د هغه ذمه داری ده، نور ئے دا سے الفاظ استعمال کړی دی۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زهٔ د خپل مشر ورور اپوزیشن لیډر ډیره شکریه ادا کوم، ما خو چه څنګه دوئ اووئیل، زهٔ به بیا هم دغه کړم، ډیره مهربانی جی، زما موقف تاسو ډیر ښه طریقے سره پیش کړو جی۔ بالکل د اهلکار چه کوم ذمه واری ده، په هغے باندے زما ډسکشن نشته دے خو دا الزامات زهٔ وایم چه د دے دا کلچر ختم شی۔ دیکښے مونږ ټول ډیره زیات او زهٔ

خاصکر د ملاکنډ په خبره ډیر زیات خفه یمه نو زهٔ څکه تاسو ته او دے ټول ایوان ته خواست کوم چه په دیکښے زما مرسته اوکړی۔ ډیره مهربانی۔

Mr. Acting Speaker: Is it the desire of the House that the motion may be referred to the Privileges Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The motion is referred to the committee concerned. (Applauses)

نکتہ اعتراض

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر سر، جناب سپیکر۔

جناب قائم مقام سپیکر: عبدالاکبر خان! څه چل دے بیا ؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب قائم مقام سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ آئین کے آرٹیکل 127 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

جناب قائم مقام سپیکر: کونسا آرٹیکل؟

جناب عبدالاکبر خان: 127۔

جناب قائم مقام سپیکر: 127۔

Mr. Abdul Akbar Khan: "Subject to the Constitution, the provision of clause (2) to (8) of Article 53, and clauses (2) and (3) of Article 54, Article 55, Article 63 to 67, Article 69, Article 77, Article 87 and Article 88 shall apply to and in relation to a Provincial Assembly or a committee or members thereof or the Provincial Government," جناب سپیکر، یہ Validating Article ہے کہ یہ سارے آرٹیکلز اگر نیشنل اسمبلی پر Apply ہونگے تو پراونشل اسمبلی پر بھی Apply ہونگے۔ جناب سپیکر، اس میں میں آپ کی توجہ جو آرٹیکل 88 ہے، اس کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ اس کا جوفرسٹ کلاز ہے کہ "The expenditure of the National Assembly and the Senate within authorized appropriations shall be controlled by the National Assembly or, as the case may be, the Senate acting on the advice of

جناب سپیکر، یہاں پر اگر آپ کی نیشنل اسمبلی ہے تو اس کو پراونشل its Finance Committee."
اسمبلی کے Meaning لیا جائے گا۔ "The Finance Committee"، اب جو اس کا دوسرا
Portion ہے، وہ بڑا Important ہے، "The Finance Committee shall consist of the Speaker or, as the case may be, the Chairman, the Minister of Finance and such other Members as may be elected thereto by the National Assembly or, as the case may be, the Senate or, the Provincial Assembly." جناب سپیکر، اس میں یہ ہے کہ جو فنانس کمیٹی ہے، اس میں سپیکر اور منسٹر فار فنانس تو دونوں Must ہونگے لیکن باقی Elected ہونگے اس ہاؤس سے اور یہ چونکہ رولز نہیں ہیں، Constitution-----

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: یہ بہت Important نکتہ عبدالاکبر صاحب نے اٹھالیا ہے، اس پر ذرا آپ توجہ دے دیں کیونکہ Constitutional provision اس میں Involve ہے، اس پر ذرا، مطلب ہے چیئر بہت سے کونسیچنز کر سکتی ہے اس پر۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: ہاں جناب سپیکر، تو یہاں پر جب نیشنل اسمبلی یا سینٹ پایا جائے گا تو پراونشل اسمبلی کے معنی میں لیا جائے گا اور جناب سپیکر، آپ کے جو رولز ہیں، وہ Constitution کو Override نہیں کر سکتے۔ Constitution سپریم لاء ہے تو جو چیز Constitution میں آجاتی ہے------

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Let us read out the rule, the relevant rule on the subject, please.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: یس تو جناب سپیکر، میں رول جس کے تحت------

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Rule 156.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: ٹھیک ہے میں رول 156 کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں، جناب سپیکر۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> The relevant rule is 156.

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> "156. There shall be ....

<u>Mr. Acting Speaker:</u> One minute

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، جہاں جہاں جب Constitution میں 'shall' کا لفظ استعمال ہوتا ہے تو------

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: ایک منٹ، عبدالاکبر خان، ایک منٹ۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: آپ کے رول میں بھی 'Shall' کا لفظ استعمال ہوا ہے، "There shall be a Finance Committee for the duration of the Assembly." اب اس کا جو دوسرا

“The Finance Committee shall consist of Speaker, Minister for، جز ہے
یعنی Finance and six other Members to be elected by the Assembly.”
جناب سپیکر، یہ بالکل Bar لگایا گیا ہے کہ جو فنانس کمیٹی ہے، کانسٹی ٹیوشن بھی کہتا ہے “To be
elected” اور کانسٹی ٹیوشن کو سپورٹ کرنے کیلئے یہ جو رولز ہیں، According to the
Constitution، آرٹیکل 88 ہے، تو اسی لئے رول 156 میں بھی یہ ‘To be elected’ کا لفظ
استعمال کیا گیا ہے۔ اب جناب سپیکر، چونکہ فنانس کمیٹیز جو پہلے تھیں، ہم اس پر بات نہیں کرتے، وہ تو جو
کچھ ہوا لیکن جناب سپیکر، یہ نیشنل اسمبلی کی بھی، سینیٹ کی بھی اور پراونشل اسمبلی کی سب سے
Important کمیٹی ہوتی ہے جو سارے Expenditures یا Appropriations کو کنٹرول کرتی ہے
اور جب کانسٹی ٹیوشن کہتا ہے کہ آپ الیکشن کریں گے، جب رول کہتا ہے کہ آپ الیکشن کرینگے تو اس کے
علاوہ اگر آپ دوسرا کوئی Mechanism اختیار کریں گے تو Naturally وہ دونوں کے خلاف ہو گا۔
اسلئے میری درخواست ہے جناب سپیکر، کہ اگر آپ اس پوائنٹ آف آرڈر کو Seriously لے لیں اور میں
تو یہ درخواست کرتا ہوں کہ ٹی بریک میں جو پارلیمنٹری لیڈرز ہیں، وہ بیٹھ کر یہاں پر بجائے اس کے کہ
ایک ایک پر الیکشن ہو، آپ کو دے دینگے اور ہاؤس سے پھر آپ ووٹ لیکر اس کو فائنل کر لیں۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: یہ ہماری جو کمیٹی Constitute ہوئی ہے تو کیا یہ پروسیجر اس میں Adopt کیا گیا
ہے یا نہیں، کیا پوزیشن ہے ہماری؟ کیونکہ یہ تو سپیکر صاحب نے، Mr. Abdul Akbar Khan! I would like to draw your kind attention to rule 193. Please read out the same before the House.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: Sir, 193 is not for this. جو Provision ہے، I have gone through 193، وہ جناب سپیکر، 88 کو Override نہیں کر سکتا۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Please, you are right but I would like to read the provision of that rule. If you or I……….

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، یہ تو وہ ہے کہ If you go to 193 تو 193 کا جو سیکنڈ پارٹ ہے، وہ
تو بالکل Violate ہو رہا ہے کیونکہ جناب سپیکر، 193 کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں لیکن
پہلے-----

<u>Mr. Acting Speaker</u>: Please go through; please go through the provisions of the rule 193. What is this?

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: او۔کے، سر، وہ بھی کرتا ہوں اچھا، وہ یہ ہے کہ "The Assembly may by a verbal resolution moved by any Member, empower the Speaker to constitute Committees, without holding elections keeping in view the educational qualifications and experience of the Members, as he may deem fit" لیکن اس کا جو دوسرا حصہ ہے، وہ بڑا Important ہے، "The Speaker may, if so empowered by a Committee" لیکن جناب سپیکر، یہاں پر جب نوٹیفیکیشن کرتے ہیں تو چیئرمین اور ممبرز کا اکٹھا نوٹیفیکیشن کرتے ہیں۔ یہاں پر تو یہ کہتا ہے کہ یا تو کمیٹی اپنے میں سے ممبرز منتخب کرے گی اور یا کمیٹی سپیکر کو Empower کرے گی کہ آپ کسی کو چیئرمین منتخب کریں اگر کمیٹی نہیں کر سکتی لیکن جناب سپیکر، یہاں پر جب آپ کا نوٹیفیکیشن نکلتا ہے، وہ تو چیئرمین اور ممبرز کا اکٹھا نکلتا ہے تو کمیٹی کی ابھی تک تو میٹنگ ہی نہیں ہوئی، اس نے سپیکر کو Empower ہی نہیں کیا، جب Empower ہی نہیں کیا تو چیئرمین پہلے سے کیسے نامزد کیا جا سکتا ہے؟ لیکن وہ میرا دوسرا پوائنٹ آف آرڈر تھا۔ پہلے جناب سپیکر، آپ نے دیکھا، وہ میرا دوسرا پوائنٹ آف آرڈر تھا، میں کہہ رہا تھا کہ جو آرٹیکل 88 کی جو Violation ہو رہی ہے، میں اس کو پہلے لے لوں اور پھر جو رولز آپ کے Violate ہو رہے ہیں، اس کو دوسرے نمبر پر لے لوں۔ پہلے جناب سپیکر، اگر آپ دونوں کو اکٹھا لیتے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ جو رول 193 کا (2) ہے، وہ بالکل Violate ہوا ہے کیونکہ کسی کمیٹی نے اپنی میٹنگ میں، دیکھیں ناجی یہ تو کمیٹی پر عدم اعتماد کا اظہار ہے کہ وہ اپنا چیئرمین منتخب نہیں کر سکتی۔۔۔۔۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: عبدالاکبر خان! آپ کا مطلب یہ ہے کہ جو کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل 88 میں Provision ہے، That is mandatory provision اور۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: اس کو تو وہ نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: اور یہ جو ہمارا رول ہے 193، ۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: یہ ہمارے رول کو تو Violate نہیں کر سکتے۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Barrister Sahib! please help me. Let us go through the sub-clause (2) of Article 88. "The Finance Committee shall consist of the Speaker or, as the case may be, the Chairman, the Minister of Finance and such other members as may be elected thereto by the National Assembly or, as the case may be, the Senate."

بیرسٹرارشد عبداللہ(وزیرقانون): بالکل جی یہ توالیکشن پر،Clear cut الیکشن ہوگا سر،اس میں۔
جناب قائم مقام سپیکر: جی۔
وزیر قانون: الیکشن پہ Emphasis ہے سر، یہ جو رول ہے وہ توYou are aware کہ رولز کی تو Subservientپوزیشن ہے۔ جوEnabling provisionہے،وہ تو یہاں پر الیکشن کی بات کرتی ہے کہ الیکشن کے ذریعے سے ممبران آئیں گے۔
جناب قائم مقام سپیکر: عبدالاکبر خان! اگر آپ ٹائم نکال کر میرے ساتھ چیمبر میں اس کو ذرا ڈسکس کر لیں اور پھرNext dayاس پر بحث کرلیں تو یہ دونوں آپ کے پوائنٹس آف آرڈر جو ہیں،ان کو ہم Mix کرتے ہیں۔ آپ کا نکتہ بہت Important ہے، بہت صحیح ہے اور اس کو کوئی بھی غلط نہیں کہہ سکتا۔ 'Shall' کا لفظ استعمال ہوا ہے اور اس میں Constitutional mandatory provision ہے، الیکشن ضروری ہے۔یہاں پر مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس میں Election processنہیں ہوا ہے اور انہوں نے193رول کا سہارا لیا ہے Which is not applicable and the rules can not supersede the Constitution. Even the law can not supersede the Constitution, because the principal law is Constitution of this country,تو یہ بہت Important ہے۔ جس طرح آپ کا دوسرا نکتہ جو 193 میں ہے، وہ بھی میں آپ کا سمجھ گیا ہوں، وہ ٹھیک ہے کہ You people empower the Speaker to constitute the committeeلیکن یہ پاور آپ لوگوں نے نہیں دیا ہے کہ وہ چیئرمین بھی بنائیں اور وہ چیئرمین نہیں بنا سکتے۔ یہ دونوں نکتے آپ کے ٹھیک ہیں۔ (تالیاں) آپ کی یہ بات بالکل درست ہے، یہ آپ کی Legalہے، Constitutionalہے۔ لیکن اگر آپ میرے ساتھ چیمبر میں اس پر بات کریں تو پھر اس پر ڈیٹیل میں بات کرلیں گے اور یہ جو Illegalityہوئی ہے یا ہو رہی ہے تو اس کو ہم انشاء اللہ جلد ہی۔۔۔۔
جناب عبدالاکبر خان: نہیں، میرا مطلب یہ ہے سر، کہ آپ رولنگ دیں کہ میرا پوائنٹ آف آرڈر صحیح ہے لیکن اس کی ڈیٹیل کیلئے پھر ڈسکشن ہوگی۔
جناب قائم مقام سپیکر: تو Further discussion اس میں۔۔۔۔۔
جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔
Mr. Acting Speaker: Thank you very much, thank you very much.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، آپ نے تو رولنگ دے دی ہے تو ہم بعد میں۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: نہیں، میں نے رولنگ نہیں دی۔ میں نے یہ کہا ہے کہ آپ میرے ساتھ مشورہ کر کے پھر کریں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، آپ نے کہا کہ آپ نے جو بات کی ہے، وہ ٹھیک ہے، Constitution کے مطابق ہے۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: میں نے ڈسکشن کیلئے کہہ دیا ہے، میں نے رولنگ نہیں دی۔ میں نے کہا کہ نکتہ یہی ہے، یہ ٹھیک ہے لیکن رولنگ نہیں دی ہے۔ رولنگ اس کو کہتے ہیں کہ میں Decision کر لوں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ میرے ساتھ ملیں چیمبر میں، We will discuss ہم اس کو مزید ڈسکس کرینگے کہ کیا ہو سکتا ہے؟ ہم دیکھیں گے، Precedence کیا ہے؟ دیکھیں گے وہ بات، تو مطلب ہے کہ Constitution تو میں نہیں کہتا کہ غلط ہے، Constitution کو کون غلط کہہ سکتا ہے؟ لیکن میں نے کہا کہ We will take decision after detailed consultation, deliberations ہم کرینگے کہ کیا پوزیشن ہے، کیا ہے؟ کیونکہ یہاں سے جس فیصلہ کی جو ضرورت ہے، وہ تو ہے۔

تحاریک التواء

Mr. Acting Speaker: Now coming to Item No. 6, 'Adjournment Motions'. Mr. Abdul Akbar Khan, honourable MPA, to please move his adjournment motion No. 70. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، کارروائی روک کر اس اہم مسئلہ پر بحث کی اجازت دی جائے جو کہ صوبہ بھر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ اور مہنگائی سے پیدا ہوئی ہے۔ چونکہ ان مسائل نے عوام کا جینا حرام کیا ہے، اس لئے اس پر بحث کی ضرورت ہے تاکہ اس کا کوئی حل نکالا جا سکے۔

جناب سپیکر، میرے خیال میں اس اسمبلی میں اگر ہر ممبر نہیں تو میرے خیال میں 90% جو ممبران ہیں، انہوں نے اس بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر اپنے اپنے وقت میں اظہار خیال کیا ہے اور جناب سپیکر، سٹی تک تو بالکل دو تین گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے لیکن دیہاتوں میں تو جناب سپیکر، بارہ بارہ گھنٹے اور سولہ سولہ گھنٹے اور اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے اور اس سخت گرمی جو گزر گئی، میں تو تقریباً لوگوں کا جینا حرام کر دیا گیا تھا، کوئی بھی رات کو نہیں سو سکتا تھا، بچے چیخ رہے ہوتے تھے۔ جناب سپیکر، ہم نہیں سمجھتے کہ اگر پاکستان میں بجلی کی کمی ہے اور ہمارے حصے میں جو لوڈ شیڈنگ آتی ہے، پہلے تو ہم کہتے ہیں

کہ جب گندم پنجاب میں پیدا ہوتی ہے تو وہ تو اپنے حصہ کی Requirement پہلے سے سٹور کر دیتے ہیں اور اس کے بعد جو ان کے پاس بچ جاتا ہے تو پھر وہ دوسرے صوبوں کو دے دیتے ہیں۔ یہاں پر بجلی ہم پیدا کر رہے ہیں اور ہمیں بھی لوڈ شیڈ نگ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لیکن اگر وہ بھی ہم مان لیں تو جناب سپیکر، پھر جو حصہ ہمارا بنتا ہے، جو جائز حصہ ہمارا بنتا ہے، اس کے مطابق ہم پر لوڈ شیڈ نگ کی جائے۔ ہم جناب سپیکر، ایک لوڈ شیڈ نگ تو نارمل لوڈ شیڈ نگ ہو رہی ہے، ایک جناب سپیکر، گرڈ سٹیشن والے اپنی مرضی کی لوڈ شیڈ نگ کر رہے ہیں اور جناب سپیکر، اس کو چھوڑیں، پھر جب بات کرتے ہیں تو پھر کوئی ایک کمیٹی بنا لیتے ہیں کہ آر سی سی، اسلام آباد میں ایک کمیٹی ہے اور وہ آر سی سی اسلام آباد سے میرے حلقے کے ایک دیہات کا فیصلہ کرتی ہے کہ اس پر اتنے گھنٹے بجلی بند کرو۔ جناب سپیکر، یہ ہمارے ساتھ کیا مذاق ہو رہا ہے؟ ہم نے کئی قرار دادیں یہاں پر Unanimously پاس کی ہیں، اب یہاں پر ہم نے کئی تحاریک التواء اس اسمبلی میں لائی ہیں بجلی کی لوڈ شیڈ نگ کے خلاف لیکن جب دن گزرتا ہے تو لوڈ شیڈ نگ میں اضافہ ہو رہا ہے اور لوگوں کا جینا حرام ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، اگر ہم نارمل سی قرار داد یہاں سے پاس کر کے ادھر بھیج دیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس سے کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ کوئی اس طرح میکینزم ہونا چاہیئے تاکہ ہماری قرار داد کا کوئی Affective اثر ہو، تاکہ ہماری اس اسمبلی کا وقار ہو اور ہماری اسمبلی کی جو بات ہے، Unanimously بات ہے، اس کا کوئی نوٹس لے، اس پر کوئی ہم سے بات کرے، اس کا کوئی نتیجہ نکلے۔ اگر ہم روٹین کی قرار دادیں پاس کرینگے تو جناب سپیکر، جو ہزاروں قرار دادیں اس اسمبلی نے پاس کیں، یہ قرار داد بھی ان ہزاروں میں شامل ہو جائے گی اور وہاں پر وہ میرے خیال میں ردی کی ٹوکری میں پھینک دی جائے گی۔ تو میں تو یہ درخواست کرتا ہوں، بشیر خان بھی بیٹھے ہیں، رحیم داد خان بھی بیٹھے ہیں، درانی صاحب بھی، کہ ایک ایسی میکینزم سے قرار داد پاس کریں تاکہ وہ وہاں پر ہم سے پوری بات کریں اور ہماری بات کو سنیں اور ہماری بات کا حل نکالیں۔ یہ نہیں کہ ہم صرف قرار دادیں پاس کرتے جائیں اور وہ عمل نہ کریں۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> جناب اکرم خان درانی صاحب۔

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> جناب سپیکر، د بجلئ دا مسئله په حقیقیت کښې ډیره سنګینه شوې هم ده، ډیره تکلیف ده هم ده او د دې صوبې د خلقو سره یقیناً دومره یوغټ زیاتې دې چه نور د دې صوبې خلق او زما خیال دې چه دلته دا ایوان چه دې، دا د دې صوبې یو ذمه دار فورم دې او د بجلئ د لوډ

شیډنگ د وجے نه هر یو معزز ایم پی اے خپلے حلقے ته نه شی تلے چه هغه په خپل کور، په خپله حجره کښے کښینی او د کلی او د حلقے خلق راشی نو هغه دا جواب نه شی کولے چه مونږ ولے دومره ناکامه یو په دے کښے؟ او دا تکلیف چه کوم د شپے او د ورځے دے او بیا په داسے یو صوبه باندے چه دلته هسے هم مونږ په War کښے یو او ضرورت د رڼړا دے۔ که چرته مونږ نن دلته دے ایوان په خپلو کښے عهد اوکړو او یقیناً چه د دے ډیر اهمیت دے او مونږ په هغے نظر ورته اوګورو نو د دے حل هم کیدے شی۔ حل ئے شته هم جی او که تاسو اوګورئ جی مونږ خو په دے باندے حیران یو چه په روژه کښے بجلی وه، که چرته دا سوال د هغوی نه اوشی چه په روژه کښے په کلی کښے هم وه او په ښاریو کښے هم وه نو په دے وخت کښے دا بجلی د کوم ځائے نه راپیدا شوه؟ دا یو داسے سوال دے چه دوئ به ئے جواب زما خیال دے نه شی کولے۔ قصداً دا لوډ شیډنگ چه دے، دا د دوئ منیجمنټ فیل دے۔ چرته چه Losses دی۔ هغه دوئ نه شی کنټرول کولے او د هغے په وجه باندے بیا دوئ لاړ شی هلته لوډ شیډنگ اوکړی او خلق په عذاب کښے مبتلا کوی۔ اوس یو سړے د بجلئ بل نه ورکوی او یو سړے دے چه هغه د بجلئ بل هم ورکوی او عذاب او تکلیف په دواړو باندے یو شان دے۔ که چرته، څنګه چه مونږ د رویت هلال کمیټئ مسئله د فیډرل ګورنمنټ سره په سخته اونیوله او یو ښه موقف مو اختیار کړو چه د صوبائی ګورنمنټ رائے وه، ستاسو د دے صوبائی ګورنمنټ موقف وو چه زمونږ دا یوه خبره ده چه اختر په یو ځائے باندے اوشی، یو کوشش اوشی نو که دومره په میډیا او زمونږ حکومت په دے بجلئ باندے اودریږی نو زما خیال دے چه دا مسئله حل کیدے شی (تالیاں) نو زۀ په دے انداز باندے خبره کوم چه زما په وخت کښے به هم دا تکلیف راتلو او عبدالاکبر خان، بشیر خان، دا ټول د دے ګواه دی، نو ما بیا دلته دا چیف راوغښتو او دا ټول ممبران او سپیکر صاحب ته مے اووئیل چه تۀ هر سیشن کښے دا چیف واپډا دلته ممبرانو ته راغواړه او دوئ به ورسره میټنګ هم کوی، د دوئ ضروریات به هم پورا کوی او په حلقو کښے دے ممبرانو پیسے ورکړی دی خپلے او یو کال نه اونیسه بل کال پورے هغه ستنے، هغه تارونه، هغه ټرانسفارمرے هم نه ورکوی چه مونږ ورته Full cost، هغه خپلے

پیسے داخلے کړو۔ نو بیا هغوی ته ما اووئیل چه زۀ دومره حد پورے اوس کولے شم چه چرته دا ستا گرډ سټیشن دے ، چرته دا ستا د بجلئ لائن دے ، که تا خپله رویه درست نه کړه، زما پولیس به ستاسو د واپډا سره تعاون نه کوی او که څوک پرے ورځی نو پکار ده چه ور شی چه ستا گرډ سټیشن اوسوزوی۔ د هغے نه بعد بیا دوئ لارے ته راغلل او یو طریقه کار ئے مونږ سره جوړ کړو، نو زمونږ د صوبائی گورنمنټ سره خو یو دا هم شته که چرته صوبائی گورنمنټ دلته د واپډا سره تعاون نه کوی، په دے انداز ئے رااوغواړی چه یره خلقو ته تکلیف دے ، د دے کلی خلق به راځی، هغوی به ستا گرډ سټیشن ته راځی، هغوی به ستا د ایس ای دفتر ته راځی، هغوی به ستا د ایکسین دفتر ته راځی، که تۀ په راه راست باندے نه راځے نو مونږ به انتظامیے ته هدایات جاری کړو چه د دوئ سره مرسته مه کوئ او که چرته صوبائی گورنمنټ دا نوټس دوئ ته ورکړو نو زما خیال دے چه دوئ به راځی، چیف صاحب او د واپډے مشران به زمونږ د صوبائی حکومت په کورونو کښې کښینی چه مونږ سره تعاون اوکړئ۔ واپډا چرته هم د صوبائی گورنمنټ د تعاون نه بغیر نه شی چلیدے خو پکار ده چه مونږ د دے حمایت کوؤ چه عبدالاکبر خان کومه مسئله اوچته کړے ده چه گورنمنټ او اپوزیشن، بل طریقه کار دا هم کیدے شی چه فیډرل گورنمنټ سره، د هغے منسټر سره، مونږ به تقریباً په دوه درے میاشتو کښے فیډرل منسټر او چیئرمین واپډا یو ځل دے صوبے ته راغوښتل او دا ټول ډسکشن، زما خیال دے چه ما ته په دے دوه کاله کښے دا نه دی معلوم شوی چه وفاقی وزیر بجلی راغلے وی او د صوبائی گورنمنټ د مشرانو سره ئے میټنگ کړے وی، ما ته دا نه ده معلومه چه چیئرمین واپډا راغلے وی او دلته زمونږ صوبائی گورنمنټ سره ئے په دے موضوع باندے خبرے شوی وی، نو که نن مونږ یو داسے پیغام ورکړو، خصوصاً مونږ به میډیا ته خواست کوؤ چه دلته د واپډا منسټر راشی او واپډا منسټر او دلته دا پارلیمانی لیډرز او گورنمنټ د ورسره کښینی او هغه د چیئرمین واپډا هم د ځان سره راولی، دلته یو Sitting غونډے د اوشی او که د هغے باوجود هم په دیکښے تکلیف وی نو ما بله لار خو بیا گورنمنټ ته اوښودله، چه مونږ په هغے باندے هم دا کنټرول کولے شو۔ ستاسو شکریه ادا کوم۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، مجھے ایک منٹ دیں، میں۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: بشیر صاحب کو فلور دیتا ہوں پھر آپ۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب، میں اس پر تھوڑی تفصیل سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ میں۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں اس پر زیادہ ڈیٹیل سے بات کرونگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ عبدالاکبر خان نے جس مسئلے کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے تو یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ نہ صرف یہ کہ کسی ایک ضلع یا ایک ڈویژن سے تعلق رکھتا ہے بلکہ یہ پورے صوبے سے متعلق ہے تو ہم اس پر ڈیٹیل سے بات کرنا چاہتے ہیں۔ میں اس کو سپورٹ کرتا ہوں جناب، آپ مہربانی کرکے اس پر بحث کیلئے آج ہی ٹائم مختص کریں تاکہ پورے ہاؤس کو اس پر بحث میں لایا جائے اور ہم سارے اس پر اپنی تجاویز بھی دے سکیں اور بات بھی کر سکیں۔ یہ بات اب اتنی سادھی نہیں رہی ہے جتنی آج بیان کی گئی ہے۔ ہم اس پر یہ بھی بات آج کرنا چاہیں گے کہ آج جن پرائیویٹ کمپنیوں کے ساتھ جو کنٹریکٹس سائن کئے جارہے ہیں، ہم یہ بھی بات کریں گے کہ جو ایک سال سے منسٹر صاحب نے اور پوری حکومت نے کئی دفعہ ایشورنس کروائی ہے، وہ ایشورنس کہاں گئی؟ اور ہم یہ بھی بات یہاں بتائیں گے کہ آج جن مشکل مسائل میں ہم سارے پھنسے ہیں، اس کی وجہ کیا ہے اور اس کے ذمہ دار لوگ کون ہیں؟ تو یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ جناب سپیکر، آپ نے کئی دفعہ خود بھی اس معاملے کو اٹھایا ہے، جب یہاں بیٹھے تھے۔ میں آپ سے ریکویسٹ کرونگا کہ بحث کیلئے آج اسے قبول کریں تاکہ ہم اس پر ڈسکشن کر سکیں۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر۔

جناب قائم مقام سپیکر: مسٹر ثاقب اللہ خان، پلیز۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیرہ مهربانی، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زۀ به د دے ایوان او د خپلو ملګرو توجه اخیرنی میټنګ ته ګرځوم چه کوم زمونږ د چیف ایګزیکټیو واپډا سره شوے وو په دے اسمبلی کښې جی۔ که چرته تاسو ته یاد وی نو هم دغه شان یو ډسکشن شوے وو، په هغے کښے زمونږ ټولو ملګرو چه کومے ګلے نن اوکړے، هغه مونږه مخکښے هم کړے وے جی، هغه دے چیف ایګزیکټیو صاحب واپډا سره دلته ډسکس شوی جی۔ هغه نورے خبرے خو وے وے جی،

